عبدالقیوم حقانی



تعارف و تبصرۂ کتب

ماہنامہ النصیحہ | مدیر اعلیٰ مولانا محمد گوہر شاہ ۔ مدیر غلام محمد صادق ۔ صفحات ۷۲ ۔ سالانہ چندہ ۴۰ روپے

پتہ ۔ دارالعلوم اسلامیہ ۔ چارسدہ ۔ پشاور

دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ، مولانا محمد گوہر شاہ اور مولانا غلام محمد صادق (فضلائے دارالعلوم حقانیہ) کے زیر اہتمام ان کے شبانہ روز مساعی اور حسنِ تدبیر سے بڑی تیزی سے تعلیم و تدریس، اشاعت و تبلیغ، نظم و ضبط اور تعمیر و ترقی کی راہ پر گامزن ہے ۔ اور بہت قلیل مدت میں سرحد کے اہم دینی مدارس میں اپنا مقام پیدا کر لیا ہے۔

اب تبلیغ و اشاعت دین کی غرض سے جناب مدیر الحق مولانا سمیع الحق مدظلہ کے مشورہ سے اپنے شیوخ و اکابر شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ اور مفتی اعظم مولانا محمد فرید مدظلہ کی سرپرستی میں قرآن و سنت کی تعلیمات اور ادارہ کا ترجمان ایک ماہنامہ "النصیحہ" بھی جاری کر دیا ہے۔ نقش اول ہمارے سامنے ہے۔ ۷۲ صفحات میں کتابی سائز کا یہ عمدہ اور گراں قدر علمی و روحانی تحفہ سرحد اور خالص پشتو کے علاقہ چارسدہ سے اس کی اردو اشاعت یقیناً منتظمین کا خلوص اور علوم نبوت کی کرامت ہے ۔

مولانا غلام محمد صادق کی ادارتی تحریر، مولانا محمد حسن جان کا مقالہ "تشریعی نظام کی جامعیت"، مولانا مفتی محمد فرید کی تحریر "دین کے ضروری مسائل"، مفتی غلام الرحمٰن کا مضمون "حفاظتِ نفس"، مولانا محمد ابراہیم فانی کا مضمون "سید گل بادشاہ"، ڈاکٹر ابو یحییٰ کا تاریخی مقالہ "دیبل و دیبلان"، احقر کا ایک مضمون "اسلام کا نظام خلافت" اور دیگر مضامین، دلچسپ، ایمان افروز، معیاری اور معلوماتی ہیں۔

ادارہ الحق، علمی حلقوں سے حوصلہ افزائی، دینی ذہن رکھنے والے احباب سے ہر ممکن پذیرائی اور اس کی مزید اشاعت و توسیع کی سفارش کرتا ہے اور النصیحہ کی زیادہ سے زیادہ اشاعت اور روز افزوں ترقی کا متمنی ہے۔ والاتمام من اللہ

(ع ق ح)

رحمت کائنات | تالیف قاضی محمد زاہد الحسینی صفحات ۳۸۴ قیمت غیر مجلد ۳۰ روپے مجلد ۴۰ روپے

پتہ ۔ دارالارشاد ۔ مدنی روڈ ۔ اٹک شہر ۔